206

اردو (Urdu)

سیکنڈری کورس

کُل نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

سوال نمبر1: **درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔** 2

(الف) تہذیب کی تعریف بیان کیجیے۔ آریہ قوم کے بارے میں پانچ جملہ لکھیے۔ (L.N. 3)

یا

(ب) اردو اور ہندی کے درمیان مختلف سطحوں پر جو اشتراک ہے، اسے واضح کیجیے۔ (L.N. 5)

سوال نمبر2: **درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔** 2

(الف) بھکتی تحرک کے بارے میں اپنے خیالات وضاحت کے ساتھ لکھیے۔ (L.N. 3)

یا

(ب)

ہوں اس کوچے کے ہر ذرّے سے آگاہ
ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

اس شعر میں ''کوچے'' اور قافیے کے طور پر ''آیا گیا'' کا استعمال ہوا ہے، اس کی وضاحت کیجیے۔ (L.N. 9)

سوال نمبر3: **درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔** 2

(الف) افسانہ "پورے چاند کی رات" میں افسانے کی منظر نگاری پر ایک پیراگراف میں اپنے خیالات کو لکھیے۔ (L.N. 11)

یا

(ب) غالب کے خطوط کی خصوصیات اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (L.N. 14)

سوال نمبر4: **درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔** 4

(الف) افسانہ اور ناول کے مقابلے میں ڈرامہ حقیقت کے قریب کیوں ہوتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (L.N. 15)

یا

(ب) حالی کے اسلوب بیان پر روشنی ڈالتے ہوئے وضاحت کیجیے کہ حالیؔ نے عشق سے متعلق کیا کیا باتیں اس غزل میں لکھی ہیں۔ (L.N. 18)

سوال نمبر5: **درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔** 4

(الف)

ظلمت و نور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا
آج تک ایک دھندلکے کا سماں ہے کہ جو تھا
جان دے بیٹھے تھے اک بار ہوس والے بھی
پھر وہی مسئلۂ سود و زیاں ہے کہ جو تھا

(L.N. 20)

i. مندرجہ بالا اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

ii. غزل کی تعریف اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

یا

(ب) نظم ''کشمیر'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (L.N. 21)

سوال نمبر 6: پروجیکٹ ورک **6**

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر 500 الفاظ میں لکھیے۔

(الف) درخواست کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے ساتھ ہی انفرادی درخواستوں کی قسمیں بتاتے ہوئے چیئر مین این آئی او ایس کو آپ کا نتیجہ نہیں ملا ہے اس پر ایک درخواست لکھیے۔ (L.N. 28)

یا

(ب) آج کے عہد میں کمپیوٹر کی اہمیت بتاتے ہوئے کمپیوٹر کی اقسام اور استعمال پر بھی روشنی ڈالیے۔ (L.N. 29)